# میلاد
# استقبالیہ کیمپ

## میرے مطابق

محقق ضیاءات ریسرچ اسکالر علامہ سید محمد
مُبشر اللہ مرکھا قادری رضوی

مرکز تحقیق ضیائے طیبہ

1500 سالہ جشنِ عیدِ میلاد النبی ﷺ کے پُر مسرت موقع پر، بالخصوص امسال جلسے و
جلوسوں میں لگائے جانے والے استقبالیہ کیمپ کے لیے چند تجاویز و آراء

# میلاد استقبالیہ کیمپ
# میرے مطابق

محقق رضویات ریسرچ اسکالر علامہ سید محمد
مُبشر اللہ مرکما قادری رضوی

ضیائی دار الاشاعت
مرکز تحقیق ضیائے طیبہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡم

اَلصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلَیۡكَ یَا رَسُوۡلَ اللّٰہِ ﷺ


| | | |
|---|---|---|
| سلسلۂ اشاعت | : | 141 |
| نام کتاب | : | میلاد استقبالیہ کیمپ میرے مطابق |
| مؤلّف | : | سید محمد مبشر اللہ رکھا قادری |
| صفحات | : | 16 |
| اشاعتِ اوّل | : | ستمبر 2025ء / ربیع الاوّل 1447ھ |
| پروف ریڈنگ | : | ندیم احمد ندیمؔ نورانی |
| سرورق | : | محمد مدثر اکرام شیخ |

ناشر

ضیائی دار الاشاعت مرکز تحقیق ضیائے طیبہ

# پیش لفظ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلَاۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ رَحْمَۃٍ لِّلْعَالَمِیْنَ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْن۔

## حدیثِ مبارک:

جب حضورِ اکرم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم ہجرت فرما کر مدینۂ منوّرہ تشریف لائے تو اُس وقت خواتین، مرد، بچوں اور غلاموں کی خوشی کا کیا عالم تھا، اور کس طرح جلوس نکالا گیا، اُس کا حال بیان کرتے ہوئے، حضرت سیّدنا بَراء رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ فرماتے ہیں:

”عورتیں اور مرد گھروں کی چھتوں پر چڑھ گئے اور بچے اور غلام گلی کوچوں میں متفرق ہو کر یوں نعرے لگاتے پھر رہے تھے، یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ، یَا مُحَمَّدُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ!“ [1]

---

[1] صحیح مسلم، کتاب الزھد والرقائق، باب فی حدیث الھجرۃ... الخ، ص۱۶۰۸، حدیث:۲۰۰۹۔

اس حدیثِ مبارک سے ثابت ہوا کہ حضور نبیِ اکرم ﷺ کی آمد پر جلوس نکالا گیا۔ لہٰذا، جلوس نکالنا ایک مستحسن عمل ہے اور مستحسن اور اچھے اعمال کرنے والوں کا استقبال کرنا اور اُن کا اکرام کرنا بھی یقیناً ایک اچھا اور مستحسن عمل ہے۔

ضیائے طیبہ کے زیرِ اہتمام 12/ ربیع الاوّل1436ھ، مطابق4/ جنوری 2015ء بروز اتوار سے مسلسل بولٹن مارکیٹ(نزد نیو میمن مسجد)، ایم اے جناح روڈ پر میلاد استقبالیہ کیمپ لگایا جاتا رہا ہے، جس میں میلاد کے جلوسوں کا استقبال کیا جاتا ہے اور شربت وغیرہ نیاز کا اہتمام بھی ہوتا ہے۔

اور اِس سال پندرہ سو(1500) ویں جَشنِ عیدِ میلادالنبی ﷺ کے موقع پر، ہفتہ،12/ ربیع الاوّل 1447ھ مطابق 6/ ستمبر 2025ء کو مزید بہتر انداز میں کچھ اضافی خوبیوں کے ساتھ بڑی عقیدت و محبت سے میلاد استقبالیہ کیمپ لگایا جارہا ہے۔

اِس کا اندازہ قارئینِ کرام کو چیئرمین ضیائے طیبہ علامہ سیّد محمد مبشر اللہ رکھا قادری صاحب کے زیرِ نظر رسالے:

## "میلاد استقبالیہ کیمپ میرے مطابق"

سے بھی بخوبی ہو جائے گا، جس میں محترم مبشر صاحب نے پندرہ سو (1500) ویں جَشنِ عیدِ میلاد النبی ﷺ کے موقع پر، میلاد استقبالیہ کیمپ سے متعلق بڑی عمدہ و گراں قدر تجاویز و آراء پیش کی ہیں، جن سے ایک طرف اُن کی غیرِ معمولی ذہانت کا پتا چلتا ہے، تو دوسری جانب حضور نبیِ اکرم ﷺ سے عشق و محبت کا بھی اندازہ ہوتا ہے۔

اللہ تبارک و تعالیٰ سیّد مبشر صاحب کی اِس تحریری کاوش کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے اور اُنھیں بے حساب اجر و ثواب سے نوازے۔

آمِیْن یَا رَبَّ الْعَالَمِیْن بِجَاہِ حَبِیْبِہِ الْاَمِیْن ﷺ!

دعا گو و دعا جو:

ندیم احمد ندیم نورانی

۱۰/ ربیع الاوّل ۱۴۴۷ھ

جمعرات، 4/ ستمبر، 2025ء

الحمدللہ تعالیٰ ...!

عالمِ اسلام میں یہ سال سیّدِ عالم، رسولِ محتشم، نورِ مجسم، سیّد المرسلین، خاتم النبیین حضور نبی کریم رؤف ورحیم علیہ الصلاۃ والتسلیم کا

1500 سالہ جَشنِ عیدِ میلاد النبی ﷺ

شان وشوکت اور احترام وانصرام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

یہاں اس پُر مسرت موقع پر ”مرکزِ تحقیق ضیائے طیبہ“ نے اپنے حبیب و کریم پیارے آقا ﷺ کے اس 1500 سالہ جشن کو خصوصیت کے ساتھ 2 سال منانے کا اعلان کیا ہے۔

جب کہ 20/ اپریل 2025ء کو عیسوی تاریخِ ولادت کے موقع پر شہر عزیز کراچی کی ایک مقامی لیاقت نیشنل لائبریری میں 1500 سالہ جَشنِ عیدِ میلاد النبی ﷺ منا کر ادارے کی سرگرمیوں سے ملّت کو آگاہ کیا۔

# میلاد استقبالیہ کیمپ

1500 سالہ جَشنِ عیدِ میلاد النبی ﷺ کے موقع پر دنیا بھر میں، بالخصوص مشرقی دھرتی (عرب امارات، یمن، شام، ترکی، پاکستان، ہندوستان، بنگلادیش، سری لنکا وغیرہ) پر جوش و خروش سے مسلمانانِ عالم اپنے پیارے نبی ﷺ کی والہانہ عقیدت و محبت میں جلسے و جلوس کا بڑے پیمانے پر اہتمام کرتے ہیں، جس میں مختلف ادارے و تنظیمات اپنی اپنی حیثیت کے مطابق کیمپ، اسٹال اور استقبالیہ بنچ سجاتے ہیں۔

یہ سرگرمی ہمیں سال ہاسال سے دیکھنے کو ملتی آئی ہے، جس میں ادارے اپنی مختلف سرگرمیاں پیش کرتے ہیں۔

مثلاً: مختلف نوعیت کی اشیاء پر مشتمل نیاز کی تقسیم، دودھ و پانی کے شربت کی تقسیم، کتابوں و پمفلیٹ کی تقسیم، نعتیں و دُرود و سلام کا پڑھنا، بچوں کی عیدی، خوشبو و پھول پتیوں کا استعمال، سجاوٹ و ڈیکوریشن، ساؤنڈ سسٹم اور بہت کچھ...

یقیناً ان کا یہ عشق و محبت سے بھرپور اظہار شعارِ اہلِ سنّت عیدوں کی عید میلاد النبی ﷺ کے لیے ہوتا ہے اور کیوں نہ ہو کہ

حشر تک ڈالیں گے ہم پیدائش مولیٰ کی دھوم
مثلِ فارس نجد کے قلعے گراتے جائیں گے
خاک ہوجائیں عدو جل کر مگر ہم تو رضا
دم میں جب تک دم ہے ذکر ان کا سناتے جائیں گے

قارئینِ کرام!

فقیر راقم السطور یہاں چند گزارشات و تجاویز پیش کر رہا ہے کہ امسال 1500 سالہ جَشنِ میلاد النبی ﷺ کے پر مسرت موقع پر ہم اپنے آقا ﷺ کی خدمتِ اقدس میں مزید کس طرح اپنی عقیدت و محبت کا نذرانہ پیش کر سکتے ہیں۔

اپنے استقبالیہ کیمپ کو مؤثر بنانے کے لیے صرف رسمی انتظامات کافی نہیں بلکہ فکری، روحانی اور تنظیمی پہلوؤں پر بھی خاص توجہ دینا آج کے پر فتن دور میں اشد ضروری ہے۔ اس کے لیے ہمیں سب سے پہلے کیمپ یا اسٹال کو علمی و روحانی امتزاج کے ساتھ ترتیب دینا چاہیے، جو محض استقبالیہ نہیں بلکہ سیرت النبی ﷺ کی دعوت کا مرکز بن جائے، جہاں آنے والے اپنی زندگی میں حضور نبی کریم ﷺ کی سیرت النبی ﷺ کا عملی پیغام اپنے ساتھ لے کر جائیں۔

# بہترین انتظامی امور

سب سے پہلے اس عمل کی ایک باقاعدہ انتظامی کمیٹی تشکیل دی جائے۔ نگرانِ اعلیٰ، سیکریٹری، نگرانِ مالیات، کیمپ انچارج وغیرہ۔

## مخلص رضاکار:

تربیت یافتہ، با اخلاق اور مہمان نواز رضاکاروں کا عملہ تیار کیا جائے، مختلف طبقوں سے الگ الگ لسانی مہارت رکھنے والے افراد شامل کیے جائیں۔ انہیں سوالات کے جوابات کا بنیادی علم ہو۔

## استقبالیہ معلوماتی ڈیسک:

خیر مقدمی بینرز آویزاں ہوں۔ آنے والے مہمانوں کا نام و رابطہ نمبر درج کیا جائے۔ ان کے ساتھ واٹس ایپ کے ذریعے رابطہ رکھیں، اور ادارے کی سرگرمیوں میں شامل ہونے کی دعوت دی جائے۔

## طبّی سہولت:

فرسٹ ایڈ کٹ کی موجودگی اور اس کا علیحدہ کاؤنٹر لگایا جائے۔ ہنگامی رابطہ نمبرز کی لسٹ رکھی جائے۔ کسی قریبی ہسپتال یا کلینک سے ایمرجنسی تعاون لیا جائے۔

## مہمان نوازی:

ٹھنڈے پانی کے ساتھ ساتھ، مشروبات، بچوں کے لیے چاکلیٹ وغیرہ اور سادہ ضیافت Refreshment کا انتظام ہو۔

## ڈیجیٹل و سوشل میڈیا کوریج:

کیمپ پر موجود خاص مہمانوں اور اسکالرز سے پیغامات ریکارڈ کیے جائیں، کیمپ کی تصاویر اور اس پر ہونے والی تمام چھوٹی بڑی سرگرمیوں کی تصاویر و ریکارڈنگ کی جائے۔ بعد ازاں یہ مختصر کلپ کی صورت میں وائرل کیے جائیں۔ کیمپ کے مناظر، پیغامات اور خلاصۂ لیکچرز کو ایڈٹ کر کے نشر کر یا جائے۔

# فکری و روحانی انتظامات

## گوشۂ علم و حکمت:

میلاد کے حوالے سے علمی لٹریچر، چھوٹے کتابچے، بروشرز و ہینڈ بلز جن میں سیرت النبی ﷺ کے مختلف پہلوؤں اور میلاد النبی ﷺ کے فضائل و مناقب کا بیان ہو۔ جب کہ میلاد، نعت، بیجز، پوسٹرز اور سیرت النبی ﷺ پر مستند کتب کے ایک چھوٹے اسٹال کا حصہ مختص کیا جائے۔

آنے والے شرکاء سے یہ عہد لیا جائے کہ وہ سیرت النبی ﷺ کے کسی ایک عمل کو اپنی زندگی میں اپنائیں گے۔ (مثلاً: سلام کو عام کرنا، والدین سے حُسنِ سلوک وغیرہ)

چھوٹے کارڈز پر حضور ﷺ کی ایک سنّتِ مبارکہ تحریر کر کے تقسیم کی جائے۔

## گوشۂ دُرود و سلام:

نعت و دُرود کا ماحول، دُرودِ تاج و دیگر درود شریف کے ورد کا انتظام، اجتماعی طور پر درود شریف پڑھنے کے لیے ایک مخصوص وقت کو مقرر کیا جائے۔

## گوشۂ سجدہ:

ایک حصہ ایسا مختص ہو جہاں کیمپ انتظامیہ کے ساتھ مہمانانِ ذی وقار و شرکاء نماز کے اوقات میں باجماعت نماز ادا کریں۔

# بچوں کا 1500 سالہ میلاد

1500 سالہ جشنِ عیدِ میلاد النبی ﷺ کے موقع پر استقبالیہ کیمپ میں اس مرتبہ بالخصوص بچوں کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دینی چاہیے، جس سے یہ کیمپ صرف بڑوں کے لیے ہی نہیں بلکہ بچوں کے لیے بھی خوشی، تعلیم اور محبت کا حسین مرکز بن جائے، بچے خوشی و مسرت کے ساتھ سیرت النبی ﷺ کے قریب آئیں گے اور ان کے دلوں میں عشقِ رسول ﷺ کی بنیاد بچپن سے مضبوط ہو گی، گویا یہ کیمپ بچوں کے لئے ایک یادگار تجربہ بن جائے گا۔

بچوں کو آسان و عام فہم انداز میں عید میلاد النبی ﷺ کا شرعی حکم و فضائل و معمولاتِ اہل سنت سے روشناس کرایا جائے۔

1500 سالہ میلاد کی مناسبت سے بچوں کو میلاد کے واقعات، سیرت النبی ﷺ سے متعلق کہانیوں (Stories) کو تصویری چارٹس کے ذریعے پیش کیا جائے، اور بچوں سے نعتیں پڑھوائی جائیں۔

بچوں کے درمیان ٹیمیں بنا کر ان میں بیت بازی کا مقابلہ ہو اور مقابلۂ نعت (Naat Competition) کرایا جائے۔

بچوں میں حضورِ اکرم ﷺ سے متعلق سیرت کے سوالات و جوابات کا سیشن کیا جائے۔ آخر میں بچوں کو تحائف پیش کیے جائیں۔

بچوں کے لیے پلے کارڈز ڈیزائن کیے جائیں۔ بچوں سے سبز گنبد، اسماء النبی ﷺ، میلاد ٹائٹل وغیرہ پر مشتمل اسکیچنگ کروائی جائے۔

''دُرود گنتی گیم'' کے نام سے ایک مقابلہ کروایا جائے کہ 2 منٹ میں کون سب سے زیادہ دُرود شریف (صلی اللہ علیہ وسلم) پڑھتا ہے۔ جیتنے والے کو انعام یا تحفہ دیا جائے۔

ایک بڑے چارٹ یا بینر پر بچے مار کر سے درود شریف یا اسماء النبی ﷺ تحریر کریں، جسے ''درود گیلری'' کا نام دیا جائے۔

بچوں کو اسلامی رنگ بھرنے والی کتابیں، اسلامی کلمات، 1500 سالہ میلاد النبی ﷺ، عید میلاد النبی مبارک، اور درود شریف پر مبنی کلرنگ شیٹس دی جائیں۔

بچے رنگین شیٹس یا پیپرز سے کارڈ بنائیں جس میں خود لفظِ ''مدینہ''، میلاد، درود وغیرہ لکھیں۔

کیمپ کی حدود میں رہتے ہوئے بچوں کا ''جلوسِ محبت'' بر آمد کیا جائے، جس میں وہ ہاتھوں میں پرچم و جھنڈیاں لے کر ''صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب'' کے نعرے بھی لگائیں۔

ان اقدامات سے بچے خوشی اور مسرت کے ساتھ سیرت النبی ﷺ کے قریب آئیں گے، ان کے دلوں میں عشقِ رسول ﷺ کی بنیاد بچپن سے مضبوط ہو گی اور یہ کیمپ ان کے لیے ایک یادگار تجربہ بن جائے گا۔

## ڈیجیٹل میڈیا و ٹیکنالوجی

کیمپ کو محض ایک روایتی اجتماع نہیں بلکہ جدید ٹیکنالوجی اور میڈیا کے استعمال سے عصرِ حاضر کے تقاضوں سے ہم آہنگ "سیرت فیسٹیول" بنایا جائے۔

ڈجیٹل اسکرین LED یا پروجیکٹر کا اہتمام کیا جائے، جس میں سیرت النبی ﷺ کے موضوعات پر مشتمل ویڈیوز یا پریزنٹیشن(Presentation) نشر کی جائے۔

QR کوڈ کے پوسٹرز سے شرکاء کو ویب سائٹ و موبائل ایپ پر ری ڈائریکٹ (Redirect) کیا جائے۔

حضور ﷺ کی حیاتِ طیّبہ کے مختلف گوشوں کو ڈیجیٹل یا ماڈل کی شکل میں پیش کیا جائے۔

# ڈیکوریشن سیکشن

## (Decoration Section)

مختلف خوب صورت "1500 سالہ میلاد ڈیکوریشن" بیگ گراؤنڈ رکھے جائیں، جہاں شرکاء، بالخصوص بچے، تصاویر لے کر سوشل میڈیا پر شیئر کریں۔

ایک بڑا وال بورڈ جہاں آنے والے شرکاء اپنے تاثرات اور درود شریف یا 1500 سالہ میلاد النبی ﷺ سے متعلق کوئی جملہ لکھ سکیں۔

بچوں کے لیے علیحدہ سیکشن ڈیزائن کیا جائے جو مثلِ خیمہ ہو، جس میں سیرت النبی ﷺ سے متعلق آرٹ گیلری کا خوب صورت کام آویزاں کیا جائے۔

کیمپ پر وقتاً فوقتاً خوشبو، لوبان کی دھونی اور عطر دانی کا چھڑکاؤ کیا جائے تاکہ مہمانوں و شرکاء کے لیے کیمپ مہکتا رہے۔

توشہ، نیاز و شربت کی تقسیم کا منظّم انتظام کیا جائے۔ توشہ و شربت دینے والوں کے چہرے پر مسکراہٹ ہو اور لبوں پر دُرود شریف کا ورد ہو۔

یوں آنے والے صرف دیکھنے والے نہیں بلکہ محبّت، خوشبو، روشنی اور مہمان نوازی سے متاثر ہو کر عشقِ رسول ﷺ کے پیغام کو دل میں اپنے ساتھ لے کر جائیں۔

### کیوں کہ...

یہ میلاد صرف جشن نہیں "اتباعِ سنّت" کا عہد ہے۔